**OPEN ACCESS: “*EPISTEMOLOGY”***
eISSN: 2663-5828;pISSN: 2519-6480
***Vol.11 Issue 12 December 2022***

# قاضی عیاضؒ اوران کی اکمال المعلم بفوائد مسلم - تعارف و تجزیہ

# Qādī ‘Iyād and His Ikmāl al- Mu‘lim bi Fawāi'd Muslim Introduction and Analysis

**Dr. Jamila Shaukat**
*Professor Emeritus, Institute of Islamic Studies, University of the Punjab, Lahore.*

**Dr. Ayesha Jabeen**
*Lecturer, Govt. Graduate College for Women, Gulberg, Lahore.*

**Abstract:** Al-Jāmi‘ al-Ṣaḥīḥ is considered one of the most authentic books of ḥadīth compiled by the proficient muḥaddīth Imām Muslim (d.261 A.H.).The foremost commentary of this compendium was presented by a remarkable scholar of al-maghrib Imām Māzirī (d.536 A.H.) under the name al- Mu‘lim bi Fawāi'd Muslim. He elucidated the selected Aḥādīth from selected chapters of al-Jāmi‘ al-Ṣaḥīḥ. Observing the need for an exhaustive and detailed interpretation, another eminent scholar of al-maghrib Qāḍī ‘Iyāḍ (d.544 A.H.) authored the commentary entitled Ikmāl al- Mu‘lim bi Fawāi'd Muslim in continuation of Imām Māzirī ’s sterling work. This article aims to exhibit the distinctive services of an illustrious muḥaddīth Qāḍī ‘Iyāḍ and demonstrate the salient features of his noteworthy commentary Ikmāl al-Mu‘lim.

**Key Words:** Commentary of Ḥadīth, Al-Jāmi‘ al-Ṣaḥīḥ, Qāḍī ‘Iyāḍ, Ikmāl al- Mu‘lim bi Fawāi'd Muslim.

## قاضی عیاضؒ: سوانحی حالات

ابو الفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض بن عمرون (1)بن موسیٰ بن عیاض الیحصبی (2)السبتی ۴۷۶ھ میں سبتہ (3) میں پیدا ہوئے۔ اجداد کچھ عرصہ قیروان اور اندلس کے شہر بسطہ(4) میں سکونت پذیر رہے۔ یہ یقینی طور پر معلوم نہیں کہ قیروان میں قیام اندلس سے قبل تھا یا بعد میں۔ پھر فاس منتقل ہوئے اور وہاں سے سبتہ آکر قیام پذیر رہے۔ جداعلیٰ عمرون کا شمار فاس کے نمایاں و معزز افراد میں ہوتا تھا۔(5)

قاضی عیاضؒ کی پرورش علمی و دینی ماحول میں ہوئی۔ ذہین و فطین اور حصولِ علم کے دل دادہ تھے۔ قرآن حکیم اور اس سے متعلقہ علوم کے ساتھ ساتھ حدیث، فقہ، لغت و ادب، سیرت و تاریخ وغیرہ جملہ علوم میں رسوخ و مہارت حاصل کی۔(6)سبتہ کے مکین ہونے کے سبب مشرق و مغرب کے اہلِ علم سے استفادے کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ اندلس کا سفر کیا اور وہاں قیام کے دوران جلیل القدر اہلِ علم سے خوشہ چینی کی۔ عدالت و ثقاہت اور علمی رسوخ کی شہرت کے نتیجہ میں افریقہ، مصر، حجاز وغیرہ کے ائمہ کرام نے اپنی مرویات و تالیفات کی روایت کی اجازت دی۔(7)

۵۱۵ھ میں سبتہ کے قاضی مقرر ہوئے، یہ فریضہ درس و تدریس کی ذمہ داری کی ادائیگی میں حائل نہ ہوا۔ ۵۳۱ھ میں غرناطہ میں بطور قاضی تعیناتی ہوئی۔ ۵۳۹ھ میں انہیں دوبارہ سبتہ کا قاضی مقرر کر دیا گیا۔(8) موحدین نے جو اس وقت برسر اقتدار تھے بسبب مخالفت دائ شہر جلاوطن کر دیا۔ قاضی عیاضؒ نے یہ ایام رنج و غم کے ساتھ گزارے اور اسی حالت میں ۵۴۴ھ میں خالقِ حقیقی کے حضور پیش ہو گئے۔ مراکش کے باب ایلان میں دفن کیا گیا۔(9)

## شیوخ

قاضی عیاضؒ کے شیوخ کی تعداد کثیر ہے۔ وہ اپنے وقت کے چوٹی کے اہلِ علم و فضل کے مشربِ صافی سے خوب سیراب ہوئے۔ ان کے چند شیوخ درج ذیل ہیں:

- حمدین، ابو عبداللہ محمد بن علی بن محمد (م۵۰۸ھ)

  اندلس کے جلیل القدر عالم جو منصبِ قضا پر بھی فائز رہے۔(10)

- ابن عتاب، ابو محمد عبدالرحمٰن بن محمد (م۵۲۰ھ)

  ان سے فنِ حدیث کی متعدد کتب و علوم کی تحصیل کی۔(11)

● ابو علی الصدفی، الحسین بن محمد (م ۵۱۴ھ)

ان سے فن اسماءالرجال میں مہارت حاصل کی۔[12]

● ابوعبداللہ محمد بن عیسیٰ التمیمی (م ۵۰۵ھ)

ان سے علوم حدیث بطریق سماع وقراءت حاصل کئے۔[13]

● ابن العربی، بو بکر محمد بن عبداللہ (۵۴۳ھ)

اندلس کے سفر کے دوران اور سبتہ میں ان سے استفادہ کیا۔[14]

● المازری، ابوعبداللہ محمد بن علی بن عمر (م ۵۳۶ھ) صاحب المعلم بفوائد مسلم۔[15]

● الجیانی، ابو علی الحسین بن محمد (م ۴۹۸ھ)

لغت وادب اور انساب ورجال کے بلند پایہ عالم تھے۔[16]

**تلامذہ**

قاضی عیاضؒ کی زندگی علوم دینیہ کے حصول اور اس کی نشرواشاعت سے عبارت رہی۔ عہدہ قضا پر تعیناتی کے دوران بھی پیشہ پیغمبری سے وابستہ رہے۔ ہلِ علم کی کثیر تعداد نے ان سے استفادہ کیا۔ چند تلامذہ درج ذیل ہیں:

● ابن الفخار، ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بن خلف الأنصاری المالقی (م ۵۹۰ھ)

ممتاز شاگرد جو جملہ علوم دینیہ پر عبور رکھتے تھے۔[17]

● محمد بن خیر بن عمر الأموی الاشبیلی (م ۵۷۵ھ)

آثار وروایات کے ضبط وحفظ میں معروف تھے۔[18]

● ابوعبداللہ محمد بن عیاض بن موسیٰ (م ۵۵۵ھ) صاحبزادے

متنوع علوم میں ماہر تھے، قاضی کے منصب پر فائز رہے۔[19]

● ابن زرقون، ابوعبداللہ محمد بن سعید الأنصاری الاشبیلی (م ۵۸۶ھ)

شلب اور سبتہ میں بحیثیت قاضی فرائض سرانجام دیئے۔[20]

● ابن أبی زمنین، عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمٰن المرّی (م ۵۴۴ھ)

قاضی عیاض کے قیامِ غرناطہ کے دوران ان سے استفادہ کیا۔ (21)

● ابن بشکوال، ابوالقاسم خلف بن عبدالملک بن مسعود (م ۵۷۸ھ)

علمِ روایت و درایت میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ دور و نزدیک سے شائقینِ علم ان کے پاس اخذ و استفادہ کے لیے حاضر ہوتے۔ صاحب تصنیف و تالیف تھے، الصلة اور قضاة قرطبة وغیرہ بیش قیمت تالیفات میں سے ہیں۔ (22)

## علمی مقام و مرتبہ

قاضی عیاضؒ کا شمار کبار علماء و محدثین میں ہوتا ہے۔ ائمہ عظام نے علم و فضل مین ان کی رفعت و منزلت کا اعتراف کیا ہے اور ان کی خدمات کو سراہا ہے۔ علمائے مغرب نے ان کو مغرب کا لاثانی معلم قرار دیا ہے۔ معروف فقیہ ابو محمد بن أبی جعفرؒ (م ۵۲۶ھ) نے ان کے علمی مرتبے کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے:

ما وصل الينا من المغرب أنبل من عياض۔ (23)

معروف مؤرخ ابن بشکوالؒ (م ۵۷۸ھ) حدیث میں ان کے شوق و ذوق اور رسوخ و پختگی کا اعتراف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

...جمع من الحديث كثيرا وله عناية كثيرة به واهتمام بجمعه و تقييده

وهو من اهل التفنن فی العلم والذكاء واليقظة والفهم۔ (24)

ابن الأبارؒ (م ۶۸۵ھ) ان کے علمی رسوخ کا اعتراف ان خوبصورت الفاظ میں کرتے ہیں:

...وبا لجملة فكان جمال العصر مفخرة الافق وينبوع المعرفة ومعدن الافادة۔ (25)

برصغیر پاک و ہند کے ممتاز عالم صدیق حسن خان قنوجیؒ (م ۱۳۰۷ھ) نے ان کو حفاظ الاسلام کی فہرست میں شامل کیا ہے۔ (26)

## تالیفات

قاضی عیاضؒ نے منفرد موضوعات پر مفید کتب تالیف کیں۔ انہیں خداداد بصیرت و معرفت اور فقاہت کی خوبیوں کے ساتھ فن بیان و کتابت پر بھی عبور حاصل تھا۔ اہلِ علم نے ان کی تالیفات کے محاسن و خوبیوں کا خوب اعتراف و اظہار کیا ہے۔

ابن خلکانؒ (م۶۸۱ھ) کہتے ہیں: فکل توالیفه بدیعة۔ (27)

ابن فرحونؒ (م۷۹۹ھ) کا قول ہے: وله التصانیف البدیعة۔ (28)

امام سیوطیؒ (م۹۱۱ھ) نے فرمایا: وصنف التصانیف التی سارت بها الرکبان۔ (29)

چند وقیع کتب درج ذیل ہیں:

**الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ**

یہ نبی کریم ﷺ کے خصائص اور حقوق پر ایک منفرد تالیف ہے جسے امصارِ عالم میں خوب پذیرائی ملی۔ اس یگانہ عصر کتاب کی بہت سی شروحات اور اختصارات لکھے گئے ہیں، کئی زبانوں میں ترجمہ بھی کیا گیا ہے۔

**مشارق الانوار علی صحاح الآثار**

اس کتاب میں تین عظیم مجموعہ ہائے احادیث یعنی موطأ امام مالک اور صحیحین کی مرویات میں اخذ وادائے الفاظ کے اشکالات کی توضیحات پیش کی گئی ہیں۔ ابن فرحونؒ کہتے ہیں کہ اگر اس کتاب کی تعریف میں سونے کے الفاظ تحریر کیے جائیں یا اس کا وزن جواہرات سے کیا جائے تو بھی اس کے حق میں ناکافی ہے۔ (30)

**التنبیهات المستنبطة علی الکتب المدونة والمختلطة**

قاضی عیاضؒ نے اس کتاب میں ضبط وشرح کلمات اور آراء ومسائل پر بحث ومناقشہ کے ساتھ رواۃ ورجال کے حوالے سے ابہام والتباس کو بھی رفع کیا ہے۔ المدونة کی تعلیم وتدریس مختلف علاقوں کے اہل علم کے ذوق ورجحان کے مطابق ہوئی۔ قاضی عیاضؒ نے اس تالیف میں ان تمام طرق کو یکجا کر دیا ہے۔ (31)

**الغنیة**

اس کتاب میں قاضی عیاضؒ نے اپنے ان اساتذہ کا تعارف پیش کیا ہے جن سے انہوں نے سندِ متصل کے ساتھ استفادہ کیا اور نقل وروایت کی اجازت بھی حاصل کی۔

**اکمال المعلم بفوائد مسلم**

اکمال المعلم امام مسلمؒ کی الجامع الصحیح پر امام مازریؒ کی شرح المعلم بفوائد مسلم کا تسلسل اور تکملہ ہے۔ اسے امام مسلمؒ کی الجامع الصحیح کی پہلی مکمل اور مبسوط شرح ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس سے قبل امام مازریؒ

نے الجامع الصحیح کے منتخب ابواب کی منتخب احادیث کی شرح اپنے دروس میں بیان کی ،اسے ان کے تلامذہ ضبطِ تحریر میں لائے اور استاد کی تہذیب و توثیق کے بعد المعلم بفوائد مسلم کے نام سے یہ کتاب علمی حلقوں میں متعارف ہوئی۔([32])

امام مسلمؒ کی الجامع الصحیح پر ایک مفصل شرح کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی، کیونکہ مشرق ومغرب میں امام مازریؒ کی المعلم سے قبل اور بعد میں بھی کوئی مکمل شرح نہیں ملتی۔ شائقین علم نے قاضی عیاضؒ سے ایسی شرح لکھنے کی خواہش کی جو اس کے جملہ معارف واسرار تفصیل سے بیان کرنے والی ہو۔([33])، چنانچہ قاضی عیاضؒ نے الجامع الصحیح کے تمام ابواب واحادیث کی شرح باقاعدہ ایک تحریر کی صورت میں لکھی اور سند و متن سے متعلق معارف و لطائف کو ملیح وبلیغ انداز میں پیش کرکے اہلِ علم کی تشفی وسیرابی کا سامان مہیا کیا۔

## اکمال المعلم:اسلوب وخصائص

قاضی عیاضؒ نے اکمال المعلم کی تحریر کے وقت المعلم کا نسخہ پیشِ نظر رکھا ہے۔ جن مقامات پر امام مازریؒ کی توضیحات موجود ہیں انہیں قال الامام الفاظ سے نقل کیا ہے،ازاں بعد اپنے تشریحی نکات قال القاضی کے الفاظ سے بیان کیے ہیں۔

صاحبِ اکمال نے احادیث کی شرح میں صاحب المعلم کا اسلوب اختیار کیا ہے،امام مازریؒ کی طرح انہوں نے بھی سند و متن پر مفید ودقیق نکات سپرد قلم کیے ہیں۔ راویانِ حدیث کے نام ونسب اور احوال پر بحث وتمحیص کی اور مفردات کی لغوی توضیحات اور جملہ مسائل واحکام کے استخراج میں صحابہ وتابعین اور علمائے عظام کے اقوال بکثرت نقل کیے ہیں۔ مسلک مالکی سے وابستہ ہونے کے باوجود صرف مالکی فقہاء کی آراء ذکر کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ تمام فقہی مسالک کی آراء مع دلائل پیش کی ہیں۔

قاضی عیاضؒ نے اکمال میں تکرار واعادہ سے حتی الامکان گریز کیا ہے۔ کسی حدیث کی شرح میں متعلقہ مسئلہ اگر بیان کرچکے ہوں توبتاتے ہیں کہ اس کی وضاحت پہلے کردی گئی ہے، مثلاً نماز قضا ہوجانے کے بارے میں کتاب الفتن کی حدیث ((صلاۃ من فاتته کانما وتراهله وماله)) کے تحت لکھتے ہیں: الحدیث تقدم شرحه۔ کیونکہ وہ اس کی

تشریح کتاب المساجد میں مذکور حدیث ((الذی تفوته صلاة العصر کا نما وتر اهله وما له)) کے تحت کر چکے ہیں۔ (34) اسی طرح حدیث ((عن عائشة قالت: کان رسول اللهﷺ اذ اغتسل من الجنابة یبدأ فیغسل...ثم یتوضأ وضوءه للصلاة...الخ)) میں حدیث کے جزو ((یتوضأ وضوءه للصلاة)) کے تحت نماز کے لیے وضو کا طریقہ دوبارہ بتانے کے بجائے لکھتے ہیں: وقد تقدم الکلام علیه۔ کیونکہ وہ وضو کی تفصیلات کتاب الطهارة میں پہلے ذکر کر چکے ہیں۔(35)

یہ انداز بھی نمایاں نظر آتا ہے کہ قاضی عیاضؒ تفصیل طلب نکات کو موضوع کی مناسبت سے زیادہ موزوں مقام پر بیان کرتے ہیں۔ اسی لئے وہ اثنائے کلام کہتے ہیں کہ اس مسئلہ پر آئندہ فلاں جگہ روشنی ڈالی جائے گی، مثلاً حدیث: ((خمس تجب للمسلم علی أخیه: رد السلام وتشمیت العاطس...الخ)) کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ چھینکنے والے کو جواب دینا فرض کفایہ ہے یا فرض عین؟ اس پر (باب) تشمیت العاطس میں کلام کیا جائے گا۔(36) پھر متعلقہ مقام پر بیان کرتے ہیں کہ جب چھینکنے والا اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے تو اس کا جواب دینا مشروع ہے۔ اہلِ ظاہر کے نزدیک واجب، امام مالک اور ان کے متبعین علماء کے نزدیک فرض کفایہ ہے جب کہ بعض اہلِ علم نے اسے مستحب قرار دیا ہے۔(37)

## قرآن حکیم کی روشنی میں توضیحات

قاضی عیاضؒ نے احادیث کی تشریح میں آیاتِ قرآنیہ کو ترجیحاً پیشِ نظر رکھا ہے۔ وہ احادیث سے ماخوذ تعلیمات کو آیاتِ کریمہ کی روشنی میں بیان کرتے ہیں۔ یہ اسلوب ان کے ہاں ایک اساسی قاعدہ و مستقل اصول کے طور پر مستعمل دکھائی دیتا ہے۔ قرآن و حدیث کا یہ حکیمانہ ارتباط بجا طور پر اس حقیقت کا مظہر دکھائی دیتا ہے کہ دینِ اسلام کی درست تفہیم و تشریح کے لیے بیک وقت ان دونوں مصادرِ شریعت پر عالمانہ دسترس اور تفقہ و تدبر کی اہلیت ہونا ضروری ہے۔ توضیح الحدیث بالقرآن الکریم کے حوالے سے چند مثالیں درج ذیل ہیں:

- ((ان ابغض الرجال الی الله الألد الخصم)) کی تشریح یوں کرتے ہیں:

الألد سخت جھگڑالو شخص کو کہتے ہیں،اسی مادہ سے لفظ لدیدی الوادی ماخوذ ہے،یعنی ایسی وادی جس کے دو اطراف ہوں۔ الألد بھی طرفین کا حامل یعنی دوُرخا ہوتا ہے جب اس پر دلیل و حجت کے ساتھ ایک جانب سے گرفت کی جاتی ہے تو وہ دوسری جانب سے معاملہ کو آپکڑتا ہے اور اثرانداز ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ ایسے فرد کی حرکات کو جب وہ بہت زیادہ بڑھتا چڑھتا ہے لدیدۃ کہا جاتا ہے یعنی وہ جانبین پر حاوی ہونے کی سعی کرتا ہے اور جھگڑے میں ہر پہلو سے معاملہ اپنی طرف ہی رکھنے کی تگ ودو کرتا ہے۔ الخصم جھگڑے میں ماہر شخص کو کہا جاتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں اس صفت پر فخر کیا جاتا تھا، نبی کریم ﷺ نے اس طرزِ عمل کی مذمت فرمائی ہے کیونکہ کفار یہ جھگڑا حق کے مقابلے (خلاف) میں کرتے تھے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَجَٰدَلُواْ بِٱلۡبَٰطِلِ لِيُدۡحِضُواْ بِهِ ٱلۡحَقَّ﴾(38)البتہ وہ جھگڑا جو ثبوتِ حق کے لیے کیا جائے اور اس سے مقصود اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا حصول ہو تو غیر مذموم ہے،جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: ﴿وَلَا تُجَٰدِلُوٓاْ أَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ إِلَّا بِٱلَّتِي هِيَ أَحۡسَنُ﴾(39، 40)

- ((عن انس بن مالك نهينا أن نسأل رسول اللهﷺ عن شئ فكان يعجبنا أن يجئ الرجل من أهل الباديةالعاقل فيسأله ونحن نسمع فجاء رجل من أهل البادية فقال يامحمد أتانا رسولك...الخ)) کی شرح میں لکھتے ہیں:

بدوی نے (یا محمد) کہہ کر مخاطب کیا۔امکان ہے کہ یہ واقعہ اس آیت کے نزول سے قبل کا ہو جب لوگوں کو نبی کریم ﷺ کو یوں مخاطب کرنے سے منع کر دیا گیا۔ارشادِ ربانی ہے: ﴿لَّا تَجۡعَلُواْ دُعَآءَ ٱلرَّسُولِ بَيۡنَكُمۡ كَدُعَآءِ بَعۡضِكُم بَعۡضٗاۚ﴾(41)اس آیت کی تفسیر میں دو نکات ملتے ہیں،اول: قتادہؒ فرماتے ہیں کہ آیت ہذا میں نبی کریم ﷺ کی تعظیم و تکریم کا حکم دیا گیا ہے اور ان کو پکارنے کے لیے قابلِ احترام اسماء کے استعمال کی تعلیم دی گئی ہے جن سے پکارنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہے جیسا کہ یارسول اللہ، یانبی اللہ۔ آیت ﴿وَلَا تَجۡهَرُواْ لَهُۥ بِٱلۡقَوۡلِ كَجَهۡرِ بَعۡضِكُمۡ لِبَعۡضٍ﴾(42) میں بھی یہی حکم دیا گیا ہے۔دوم: ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حسن بصریؒ سے نقل کیا ہے کہ تم یہ اعتقاد نہ رکھو کہ نبی کریم ﷺ کی دعا عام آدمی کی مانند ہے۔ نبی کریم ﷺ کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔پس تم اس سے ڈرو کہ وہ تمہارے

لیے ایسی دعا نہ مانگ لیں جس سے تم ہلاک ہو جاؤ... یہ بھی احتمال ہے کہ جب اس نے پہلی مرتبہ یامحمد کہا تو اس وقت وہ دینِ حق کے بارے میں استفسار کرنے آیا تھا اور تکریم نبی ﷺ کے واجب ہونے کے بابت نہیں جانتا تھا۔(43)

## احادیث میں جمع و تطبیق

وہ روایات جن کا مفہوم بظاہر متضاد امور پر دلالت کرتا ہو یعنی ایک حدیث میں مذکور حکم کسی دوسری حدیث میں بیان کردہ کے برعکس دکھائی دیتا ہو، اس صورت میں پیدا ہونے والے اشکالات کو قاضی عیاضؒ نے بخوبی رفع کیا ہے۔ اس حوالے سے چند مثالیں درج ذیل ہیں:

- ((عن انس بن مالك قال: نهينا أن نسأل رسول اللهﷺ عن شیء...الخ)) کی شرح میں لکھتے ہیں کہ یہ اور اس سے قبل بیان کی گئی حدیث جس میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ((سلونی))(44)، دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، کیونکہ سوال ان امور کی بابت کرنے سے منع فرمایا گیا کہ اگر انہیں ظاہر کر دیا جائے تو تمہیں ناگواری ہو۔ ان کے علاوہ دیگر امور کے بارے میں استفسار کی ممانعت نہیں ہے۔ لہذا جب انہیں (صحابہ کرامؓ) سوال کرنے کی اجازت دے دی گئی تو سوال کرنے پر وہ منھی عنہ کے مرتکب نہیں ہوئے۔(45)
- ((عن فاطمة بنت قيس أن ابا عمرو ابن حفص طلقها البتة و هو غائب فأرسل اليها--- اعتدى عند ابن ام مكتوم فانه رجل اعمى...الخ)) کی وضاحت میں کہتے ہیں کہ اس حدیث کے مطابق نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کو طلاق کے بعد حضرت ابن ام مکتومؓ کے گھر عدت گزارنے کی اجازت دی کیونکہ وہ نابینا تھے لیکن ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی زوجات حضرت ام سلمہؓ اور حضرت میمونہؓ کو حضرت ابن ام مکتومؓ کے تشریف لانے پر چلے جانے کا حکم دیا کہ اگر وہ نہیں دیکھ سکتے تو تم تو ان کو دیکھ سکتی ہو۔

  قاضی عیاضؒ صراحت کرتے ہیں کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جس طرح مردوں کے لیے خواتین کے حق میں غضِ بصر لازم ہے اسی طرح خواتین پر بھی مردوں کے حق میں نگاہیں نیچی رکھنا فرض ہے۔

جیسا کہ قرآن کریم میں(46) دونوں کو اس کا حکم دیا گیا ہے۔ان دونوں احادیث کی صحت کو تسلیم کرتے ہوئے جمع و تطبیق کی صورت یہ ہے کہ غضِ بصر صنفین پر واجب ہے لیکن یہ دوسری مرتبہ دیکھنے پر ہے، اچانک نظر پڑنے کا جواز ہے،اس کے سوا کی ممانعت ہے۔ حدیث فاطمہ بنت قیسؓ کا جہاں تک تعلق ہے تو نبی کریم ﷺ نے ان کو عدت پوری کرنے کے لیے حضرت ابن ام مکتومؓ، جو کہ ان کے چچازاد بھائی تھے، کے ہاں قیام کی اجازت دی تھی۔ یہ حکم فاطمہ بنت قیسؓ کے لیے خاص تھا دیگر خواتین کے لیے نہیں ہے۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کو ان کے نابینا ہونے کے سبب نظروں سے بچنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی،اس طرح وہ مطمئن رہیں گی،اگر کسی بینا کے گھر سکونت اختیار کرتیں تو انہیں نگاہوں سے بچنے کے لیے مشقت اٹھانا پڑتی جیسا کہ حضرت ام شریک رضی اللہ عنہا کے گھر اصحاب جمع ہوا کرتے تھے۔ جہاں تک حضرت ام سلمہؓ کے مولیٰ نبہان سے مروی حدیث ((عن ام سلمة قالت كنت عند رسول اللهﷺ وعنده ميمونة فاقبل ابن ام مكتوم و ذلک بعد ان امرنا بالحجاب فقال النبیﷺ احتجبامنه فقلنا: يا رسول الله: أليس اعمى لا يبصرنا ولا يعرفنا فقال النبیﷺ: أفعميا وان انتما ألستما تبصرانه))(47) کا تعلق ہے تو یہ حدیث زوجاتِ رسول کریم ﷺ کی زیادہ تکریم کے سبب ان کے ساتھ خاص ہے، جیسے زوجاتِ نبی کریم ﷺ کے معاملے میں مردوں پر احکامِ حجاب کی شدت لازم ہے، اسی طرح ان پر بھی اپنی حرمت و عظمت کے زیادہ ہونے کی بناء پر احکامِ حجاب میں سختی روا رکھی گئی ہے۔ امام ابو داؤدؒ اور دیگر علماء نے اسی نکتہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔(48)

## سندِ حدیث کی تصریحات

اکمال المعلم میں حدیث کے رواۃ و رجال کے بارے میں مفید معلومات مہیا کی گئی ہیں، کسی راوی کے نام میں ابہام ہو یا الجامع الصحیح کے مختلف نسخوں میں فرق پایا گیا ہو، قاضی عیاضؒ نے ان اشکالات کی وضاحت کی ہے، مثلاً:

- ((...عن ابی مسعود الانصاری قال : قال رسول اللهﷺمن قرأ هاتين الآيتين ...الخ )) کی شرح میں قاضی عیاضؒ نے بیان کیا ہے کہ امام مسلمؒ نے اس حدیث کی دیگر اسانید بھی ذکر کی ہیں، یہ

الاعمش عن ابراھیم عن علقمة و عبد الرحمٰن بن یزید عن ابی مسعود الانصاری طریق سے بھی بیان ہوئی ہے، لیکن ابو العلاء کے نسخہ میں الاعمش اور علقمة کے درمیان راوی ابراہیم ساقط ہو گئے ہیں۔ درست یہ ہے کہ ابراہیم راوی سند میں موجود ہیں اوران سے ہی سند متصل ہوتی ہے۔ امام بخاریؒ اور امام نسائیؒ نے ابراہیم کے ساتھ یہ سندِ حدیث بیان کی ہے۔(49)

- ((...حدثناابوسلمةابن عبد الرحمٰن:حدثنی سالم مولی المھری قال: خرجت اناو عبد الرحمٰن بن ابی بکر فی جنازة سعد بن ابی وقاص ...الخ)) کی سند میں قاضی عیاضؒ نے راوی سالم کے بارے میں امام بخاریؒ کی التاریخ الکبیر کی روشنی میں صراحت کی ہے کہ یہاں المھری غلطی سے لکھا گیا ہے،دراصل یہ سالم مولی شداد ابن الھاد ہیں۔ اس سے پہلے دو اور بعد کی ایک حدیث میں ان کا نام سالم مولی شدادابن الھاد ہی ذکر ہوا ہے۔(50)
- ((... عن عمیر مولی ابن عباس انه سمعه یقول : اقبلت انا و عبد الرحمن بن یسار مولی میمونة زوج النبیﷺ...الخ)) یہاں امام مازریؒ نے عبد الرحمٰن بن یسار کی تصحیف کی ہے کہ یہ عبداللہ بن یسار ہیں۔امام بخاریؒ نے یہ ہی حدیث یحی بن بکیر عن لیث کے طریق سے روایت کی ہے جس میں انہوں نے عبداللہ بن یسارمولی میمونة نام ذکر کیا ہے۔ قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ ہمارے ہاں السمرقندی عن الفارسی عن الجلودی کے طریق کی روایات میں عبد اللہ بن یسار مذکور ہے۔ حفاظ حدیث امام نسائیؒ اور امام ابو داؤدؒ نے بھی عبد اللہ بن یسار بیان کیا ہے۔امام بخاریؒ نے التاریخ الکبیر میں لکھا ہے کہ عبد اللہ بن یسار حضرت میمونہ رضی اللہ عنھا کے مولیٰ تھے۔(51)

## اصولِ حدیث کے مباحث

اکمال المعلم میں حدیث کے معانی ومفاہیم کی وضاحت کے ساتھ علمِ اصول کے مختلف مباحث کا احاطہ بھی کیا گیا ہے۔ قاضی عیاضؒ نے لطیف پیرائے میں اصولی مباحث پر روشنی ڈالی ہے، مثلاً:

### i۔ طلبِ سندِ عالی کے لیے رحلات

علمِ حدیث میں اسناد کی اہمیت مسلم ہے۔ معروف تابعی محمد بن سیرینؒ(م ۱۱۰ھ)فرماتے ہیں: ان هذا العلم دين فانظروا عمن تأخذون دينكم۔(52) جلیل القدر محدث عبداللہ بن مبارکؒ(م۱۸۱ھ) نے سندِ حدیث کی اہمیت ان الفاظ میں بیان کی ہے: الاسناد من الدين ولولا الاسناد لقال من شآء ماشآء۔(53) علومِ حدیث میں رسوخ اور اسناد و رجال کی معرفت کے لیے علمی اسفار معروف ہیں۔ محدثین کرام سند میں کم سے کم واسطوں کی غرض سے بھی شیوخ عظام سے ملاقات کا قصد کیا کرتے تھے۔

قاضی عیاضؒ نے سندِ عالی(54) کے حصول کے لیے رحلات کے مستحسن ہونے پر اس حدیث مبارکہ سے دلیل پیش کی ہے: ((عن انس بن مالک ... فجاء رجل من أهل البادية فقال يامحمداتانارسولک فزعم لناانک تزعم ان الله ارسلک قال: صدق۔ قال فمن خلق السماء۔ قال: الله ... قال وزعم رسولک ان علينا خمس صلوات في يومنا و ليلتنا قال:صدق...الخ)) لکھتے ہیں: امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث سند عالی کے حصول کے لیے سفر کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ بدوی نے نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کی بابت جو کچھ اس تک پہنچا پر قناعت نہیں کی بلکہ نبی کریم ﷺ سے بلاواسطہ سماعت کے لیے بذاتِ خود سفر کیا۔ اگر اس کا یہ عمل اور جستجو مستحب نہ ہوتی تو نبی کریم ﷺ اس پر نکیر فرماتے اور قاصد نے اس تک جو تعلیمات پہنچائیں ان ہی پر اکتفاء کرنے کی تلقین کرتے۔(55)

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا اپنی خالہ حضرت میمونہؓ کے گھر اس غرض سے قیام کرنا تاکہ نبی کریم ﷺ کے قیام اللیل کے بارے میں جان سکیں اور خود شریک ہو کر سیکھیں، اس روایت سے بھی قاضی عیاضؒ نے طلب علو اسناد کے جواز و استحباب پر استدلال کیا ہے۔(56)

### ii۔ خبرِ واحد کی حجیت

قاضی عیاضؒ نے احادیث مبارکہ سے استدلال کرتے ہوئے خبرِ واحد کا ایک معتمد و موثق ماخذ شریعت ہونا ثابت کیا ہے۔ حدیث ((عن أبى هريرة أن رسول اللهﷺ حين قفل من غزوة خيبر... وقال لبلال أكلأ لنا الليل...الخ)) کی شرح میں فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ کا ایک فرد کو پہرے دار مقرر کرنا دلیل ہے کہ خبرِ واحد کو قبول اور اس پر عمل کرنا درست ہے۔ لکھتے ہیں: قيل وفيه دليل على صحة قبول خبر الواحد والعمل به۔(57)

مقدمہ صحیح مسلم کے الفاظ خبر الواحد الثقة عن الواحد حجة يلزم به العمل کی وضاحت میں کہتے ہیں کہ یہی مذہب جمہور مسلمانوں، ائمہ اسلاف، فقہاء، محدثین اور اصولیین کا ہے۔ نیز وہ خبرِ واحد پر روافض و قدریہ و معتزلہ کے مؤقف کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان کے تمام اقوال باطل اور جمہور کے موقف کے بر عکس ہیں۔ جب خبر صادق ناقل سے پہنچے تو وہ حجت ہے اور اس پر عمل لازم ہے۔(58)

اسی طرح روایت ((أن عمر بن عبد العزيز اخر الصلاة يوماً فدخل عليه عروة بن الزبير فأخبره أن المغيرة بن شعبة اخرالصلاة يوما۔ وهو بالكوفة۔ فدخل عليه ابو مسعود الانصارى، فقال: ماهذا يا مغيرة؟ أليس قد علمت أن جبريل نزل فصلى ...الخ)) کی تشریح میں کہتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خبر واحد کو قبول کرنا اور اس میں بیان کردہ تعلیم کے مطابق عمل کرنا اسلاف کا معمول رہا ہے۔(59)

## شعر عرب سے استشہاد

مطالبِ احادیث کی گہرائی و وسعت اور لطافت سمجھنے کے لئے اہل عرب کے ہاں الفاظ کے مختلف معنوں میں استعمال سے واقف ہونا ضروری ہے۔ قاضی عیاضؒ نے مفردات کی وضاحت کے لئے اشعارِ عرب سے استشہاد کیا ہے، اس سے معانی و مفہوم منقح ہو کر قاری کے سامنے آجاتا ہے۔ مثلاً:

- (( ...عن الاسود و علقمة قالا : اتينا عبدالله بن مسعود فی داره... و اذا ركع احدكم فليفرش ذراعيه على فخذيه وَلْيَحْنِ...الخ )) کی شرح میں فرماتے ہیں کہ رکوع کی صفت و کیفیت بیان کرنے کے لئے ((وَلْيَحْنِ)) کہا گیا، ہمارے اکثر شیوخ کی روایت میں یہ ہی مذکور ہے البتہ طبریؒ کے ہاں ((وليجنأ)) منقول ہے، دونوں کا معانی ایک ہی ہے: نرمی و عاجزی سے مڑا ہوا اور جھکا ہوا ہونا۔ عذریؒ کی روایت میں ن پر پیش ہے، اس کا معنی بھی
کسی چیز کو موڑ کر نرمی سے جھکانا ہے۔ عربی لغت میں رکوع میں اصلاً عاجزی، انکساری اور نیچے پست ہو کر جھک جانا کا مفہوم پایا جاتا ہے، جیسا کہ شاعر کہتا ہے:

ولا تعادى الفقير علك أن تر　　　كع يوما و الدهر قد رفعه

(سائل و محتاج کو حقیر جان کر خالی مت لوٹادو اگر آج وہ درماندہ و عاجز جھکا ہوا ہے تو کیا معلوم کل زمانہ اسے بلند مرتبہ کر دے۔)

یہ ہی صفت ایک جھکے ہوئے انسان کی ہوتی ہے جو لاچاری و بے بسی سے اپنے ہاتھوں خود کو پیش کر دیتا ہے۔(بندے کے لئے رب تعالی کے سپرد ہونے کی) یہ ہی ممکنہ صورت ہو سکتی ہے، رکوع میں عاجزی و لاچاری کے ساتھ (رب کے حضور) سر تسلیم خم کر دینا ہی مطلوب کیفیت ہے۔(60)

- (( عن عائشة كان النبى صلى الله عليه وسلم يصلى العصر والشمس طالعة فى حجرتي... لم يظهر الفئ بعد)) میں عصر کی نماز کے وقت کے بارے میں تعلیم دی گئی ہے۔ لفظ یظهر کی وضاحت میں قاضی عیاضؒ کہتے ہیں: یعنی سایہ سطح سے بلند ہو کر چڑھا نہیں، ظہر بمعنی اوپر چڑھائی اس آیت میں بھی ذکر ہوئے ہیں: ﴿...و معارج عليها يظهرون﴾ (61) "اور زینے جن پر یہ چڑھتے ہیں۔" حدیث ((لا تزال طائفة من امتي ظاهرين على الحق...الخ))(62) میں ظاهرين سے مراد عالین یعنی غالب اور بلند و برتر رہنے والے ہیں۔

جعدی کہتا ہے:

بلغنا السماء مجدنا و جد ودنا      وانا لنبغى فوق ذلک مظهرا [اى علوا]

(ہم نے شرف و عزت کے حصول و قرب میں آسمان کی بلندی کو چھو لیا، چاہیئے تو یہ کہ ہم رفعت و عظمت میں اس سے بھی بلند و بالا ہو جائیں۔)

تظهر ، تزول عنها یعنی ہٹنے اور جدا ہونے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ کہا جاتا ہے:

و تلک شكاة ظاهر عنک عارها

اس بیماری کی تکلیف واذیت تم سے دور ہو گئی۔(63)

## کلامی مسائل

عقائد دینیہ کے حوالے سے علمی حلقات میں مختلف موضوعات زیرِ بحث رہے ہیں اور ان میں افراط و تفریط کی وجہ سے ملتِ اسلامیہ میں متعدد گروہ ظہور پذیر ہوئے۔(64) قاضی عیاضؒ نے علمِ کلام کے موضوعات و مباحث پر مدلل انداز

میں روشنی ڈالتے ہوئے ان اقوال کا رد کیا ہے جو مختلف فرقوں نے قرآن وسنت سے عدول اور نقصِ فہم کے سبب اختیار کیے۔ مثلاً:

**رؤیتِ باری تعالیٰ** پر ائمہ اسلافؒ کی آراء بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سفر معراج میں نبی کریم ﷺ کے دیدارِ الٰہی کے بارے میں بعض اہلِ علم انکارِ رؤیت جب کہ دیگر وقوعِ رؤیت کے قائل ہیں۔ امام ابوالحسن اشعریؒ قائلین میں سے ہیں، ہمارے کچھ اصحاب نے حتمی رائے کے اظہار میں توقف کیا ہے اور کہا ہے کہ اس دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے جیسا کہ حضرت موسیٰؑ کا سوال ﴿قَالَ رَبِّ أَرِنِيٓ أَنظُرۡ إِلَيۡكَۚ قَالَ لَن تَرَىٰنِي...الخ﴾(65) اس پر دلیل ہے وہ لا علم نہیں تھے کہ ان کے رب کے حق میں ان کے لئے کیا جائز اور کیا ممنوع ہے، اللہ تعالیٰ کے جواب ﴿لَن تَرَىٰنِي﴾ میں رؤیت کے لئے استطاعت کی نفی ہے اور (باذن الٰہی) دیدار کا امکان واحتمال بھی ہے۔ حدیثِ مبارکہ کے الفاظ ((نوراني أراه)) کی شرح میں فرماتے ہیں کہ اللہ کی ذات کو کسی ایسے وصف سے متصف کرنا جس سے تجسیم کا پہلو نکلتا ہو درست نہیں ہے۔ ذات باری تعالیٰ کا نور ہونا محال ہے کیونکہ نور خود جملہ اجسام میں سے ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کی ذات جہت، ہیئت، مکان و کیفیت اور تشبیہ سے منزہ ہے۔(66) اس حدیث اور آیتِ کریمہ ﴿اللہ نور السموت والارض﴾(67) میں نور کی طرف نسبت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کا رب و خالق ہے، اور یہ توجیہ بھی بیان ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کا ہادی ہے، مومنین کے دلوں کو منور کرتا ہے، بہجت و جمال والا ہے۔ ان میں سے اول معنی راجح ہے یعنی وہ زمین و آسمان کا مالک و رب ہے، اس میں ہر نقص اور حادث ہونے کے امکان کی نفی بھی ہے۔(68)

قاضی عیاضؒ نے آخرت میں رؤیت کے عدم قائلین یعنی معتزلہ کے موقف کو کتاب وسنت کے خلاف قرار دیا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ آیا روزِ قیامت ہم اپنے رب کا دیدار کر سکیں گے؟ تو نبی کریم ﷺ نے دنیا میں سورج اور چاند کو دیکھنے کی مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ جس طرح انہیں دیکھنے میں رکاوٹ اور شک نہیں ہوتا بالکل اسی طرح سہولت وآسانی سے مومن اللہ تعالیٰ کا دیدار کر سکیں گے۔ معتزلہ کے نزدیک رؤیت اس لیے عقلاً ناممکن ہے کہ ایک مرئی چیز ہی دوسرے مرئی وجود کو دیکھ سکتی ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ کے مرئی ہونے کا تصور لازم آتا ہے۔ لہذا وہ رؤیت کی توجیہہ علم سے کرتے ہیں۔ قاضی عیاضؒ اس حدیث سے اثبات رؤیت کا جواز یوں پیش کرتے ہیں کہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے مرئی وجود کا مرئی وجود کو دیکھنے کی وضاحت نہیں فرمائی بلکہ اللہ تعالیٰ کو بغیر کسی حجاب و

رکاوٹ کے دیکھنے کی کیفیت بتانا مقصود ہے۔ اگر علم مراد لیا جائے تو روزِ قیامت کافر اور مومن دونوں معرفت الٰہی اور علم میں برابر کے شریک ہوں گے جبکہ رؤیتِ باری تعالیٰ کا شرف خاص طور پر صرف مومنین کے لئے ہے۔(69)

## فقہی مباحث

قاضی عیاضؒ کا شمار اپنے عہد کے ممتاز فقہاء میں ہوتا ہے۔ وہ علومِ شرعیہ میں رسوخ، خداداد ذہانت، معاملہ فہمی و دقتِ نظری اور اجتہادی اوصاف کا حاصل ہونے کے سبب عوام و خواص کے لیے مرجع کی حیثیت رکھتے تھے۔ فقہی اصول و مسائل میں ان کی قدر و منزلت پر اکمال المعلم کی شہادت اہلِ علم سے مخفی نہیں ہے۔ انہوں نے احادیث کی وضاحت میں متعدد فقہی احکام و مسائل بیان کئے ہیں، مثلاً:

### i۔ نیت کی اہمیت

((عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول اللهﷺ :انما الاعمال بالنية ... الخ)) کی شرح میں قاضی عیاضؒ لکھتے ہیں کہ یہ فرمانِ رسولﷺ دلیل ہے کہ عمل کی صحت و ادائیگی کا انحصار نیت پر ہے۔ اس سے ان حضرات کی تردید ہوتی ہے جو طہارت اور قربِ باری تعالیٰ کے لیے دیگر امور کو بغیر نیت کے بجالانے کے جواز کے قائل ہیں۔ یہ حدیث مبارکہ دلیل ہے کہ جو فرد تعلیم و تعلم کی غرض سے وضو کرے لیکن اس کی نیت رفع حدث اور حصولِ تقرب کی نہ ہو تو یہ وضو اسے کفایت نہیں کرے گا۔ نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قسم، طلاق اور عتاق کے مسائل میں بدونِ الفاظ صرف نیت کا اعتبار بھی کیا جائے گا۔ یہ معاملہ علماء کے مابین مختلف فیہ رہا ہے۔ ہمارے مالکی فقہاء کے نزدیک طلاق و عتاق کے صریح و کنایہ الفاظ جن میں نیت بھی کی گئی ہو وہ اس کے وقوع کو لازم کرتے ہیں البتہ بعض مالکی فقہاء میں اس بات پر اختلاف ہے کہ اس صورت میں کیا حکم ہو گا جب آدمی طلاق یا عتاق کے الفاظ بولے لیکن ان کی نیت نہ کرے۔ نیز اس صورت میں کیا حکم ہو گا جب آدمی طلاق یا عتاق کی نیت کرے لیکن ایسے الفاظ استعمال نہ کرے جو صراحتاً و کنایتاً اس پر دلالت نہیں کرتے۔ فقہائے مالکیہ کے علاوہ دیگر اہلِ علم کے نزدیک طلاق کے صریح الفاظ یا اشارے کنایے پر اس کا فیصلہ ہو گا کہ نیت بندے اور اس کے رب کے درمیان کا معاملہ ہے۔ حکم میں ظاہر کے اعتبار سے اس مسئلہ کی صورتیں مختلف ہوں گی۔ وہ معاملات جو آدمیوں کے حقوق سے متعلق ہیں ان کے حکم میں الفاظ کے ظاہر اور فرد کے اعتراف و کلام کا اعتبار

کیا جائے گا۔ جو حضرات نیت کا اعتبار کرتے ہوئے ظاہر کے خلاف حکم لگاتے ہیں وہ (مالکی فقہاء) ان کی تائید نہیں کرتے۔([70])

### ii۔ سدِّ ذرائع

فقہ اسلامی میں استنباطِ احکام کے لیے سدِ ذرائع بحیثیت اصول مستعمل ہے۔ بالخصوص فقہائے مالکیہ کے نزدیک یہ اخذ احکام کی ایک معتبر دلیل ہے۔ اس اصول کے تحت وہ امور جو کسی مفسد امر کی طرف جانے کا ذریعہ یا وسیلہ بن سکتے ہوں کی ممانعت سے اس ذریعہ کو ختم کیا جاتا ہے۔([71]) قاضی عیاضؒ نے احادیث مبارکہ سے سدِ ذرائع کے اصول پر استدلال کیا ہے۔ مثلاً: ((عن عبد الله بن عمرو بن العاص أن رسول اللهﷺ قال: من الكبائر شتم الرجل والديه،قالوا:يا رسول الله ﷺ! وهل يشتم الرجل والديه؟ قال: نعم،يسب أبا الرجل،فيسب أباه،ويسب امه،فيسب أمه)) کی وضاحت میں کہتے ہیں کہ نبی کریمﷺ نے کسی کے والدین کو گالی دینے سے منع فرمایا ہے کیونکہ اس سے وہ تمہارے والدین کو گالی دے گا۔ والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے۔ لہذا کسی ایسے عمل کی بھی ممانعت فرمادی گئی جو گناہ کبیرہ کا وسیلہ بن سکتا ہے۔ پھر لکھتے ہیں: وفيه حجة لقطع الذرائع ومنعها و مثله قوله تعالى: ﴿وَلَا تَسُبُّواْ ٱلَّذِينَ يَدۡعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ فَيَسُبُّواْ ٱللَّهَ عَدۡوَۢا بِغَيۡرِ عِلۡمٖۗ﴾([72]) یعنی اس حدیث میں قطع ذرائع کے ایک تشریعی اصول ہونے کی دلیل موجود ہے، اس کی بنیاد پر کسی فعل سے روکا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ بھی ہے: "اور جن لوگوں کو یہ مشرک اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہیں ان کو بُرا نہ کہنا کہ یہ بھی کہیں اللہ تعالیٰ کو بے ادبی سے بے سمجھے برا نہ کہہ بیٹھیں۔"([73])

اسی طرح صاحبِ اکمال نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات وسفر والے واقعہ کی روایت سے نکتہ اخذ کیا ہے کہ یہ واقعہ شر کے اسباب وذرائع ختم کرنے کی دلیل فراہم کرتا ہے لکھتے ہیں: وفي قتل الغلام دليل على مراعاة الذرائع وقطع أسباب الشر۔([74])

### iii۔ نئے پیش آمدہ مسائل میں اجتہاد

